| Narration | Time |
|---|---|
| Installation of Drupal پر اسپوکن ٹیوٹوریل میں خوش آمدید. | 00:01 |
| اس ٹیوٹوریل میں ہم Ubuntu Linux اور Windows آپریٹنگ سسٹم پر Drupal کو ڈاؤن لوڈ اور انسٹال کرنا سیکھیں گے. | 00:06 |
| اس ٹیوٹوریل کے لئے، آپ کے پاس ویب سے نئے ورژن کو انسٹال کرنے کے لئے انٹرنیٹ کنکشن ہونا چاہئے یا آپ کے پاس ضرورت کے مطابق لوکل فائلیں ہونی چاہئے. | 00:17 |
| آپ کے پاس مشین ہونی چاہئے جس پر Ubuntu Linux یا Windows آپریٹنگ سسٹم انسٹال ہو. | 00:30 |
| اس ٹیوٹوریل کو سمجھنے کے لئے آپ کو ان میں سے کسی بھی آپریٹنگ سسٹم کی واقفیت ہونا چاہیے. | 00:38 |
| Drupal کو انسٹال کرنے کے بہت سے طریقے ہیں. | 00:45 |
| اس ٹیوٹوریل کے لئے، میں Bitnami Drupal Stack کو استعمال کروں گا، کیونکہ انسٹال کرنے کے لئے یہ بہت ہی آسان طریقہ ہے. | 00:48 |
| Bitnami Drupal Stack، کو انسٹال کرنے کے لئے آپ کو Intel x86 یا compatible processor | 00:57 |
| * کم سے کم 256 MB RAM | 01:05 |
| * کم سے کم 150 MB hard drive space اور | 01:08 |
| * TCP/IP protocol سپورٹ کی ضرورت ہے. | 01:13 |
| مندرجہ ذیل کمپیٹبل آپریٹنگ سسٹمز ہیں | 01:16 |
| * کوئی بھی x86 Linux operating system | 01:20 |
| کوئی بھی 32-bit Windows operating system جیسے Windows Vista, Windows 7, Windows 8, Windows 10, Windows Server 2008 یا Windows Server 2012 | 01:24 |
| کوئی بھی OS X operating system x86 | 01:41 |
| اپنا پسندیدہ ویب براؤزر کھولیں اور دکھائے گئے URL پر جائیں. | 01:46 |
| نیچے سکرول کریں اور Windows اور Linux آپریٹنگ سسٹم کے لئے installer دیکھیں. | 01:53 |

| | |
|---|---|
| 02:01 | آپ کو اپنے آپریٹنگ سسٹم کے مطابق installer منتخب کرنا ہے. |
| 02:06 | جیسے کہ میں Linux یوزر ہوں، تو میں Linux انسٹالر چنوں گا |
| 02:11 | اگر آپ Windows یوزر ہیں تو Windows کے لئے Drupal installer منتخب کریں. |
| 02:17 | یہاں ہم Drupal کے مختلف ورجنس دیکھ سکتے ہیں. |
| 02:22 | اگر آپ فیصلہ نہیں کر پا رہیں کہ کس ورژن ڈاؤن لوڈ کرنا ہے تو، آپ Recommended ورژن ڈاؤن لوڈ کر سکتے ہیں. |
| 02:29 | اس ریکارڈنگ کے وقت، Drupal 8.1.3، Recommended ورژن ہے. |
| 02:36 | یہ مختلف ہوسکتا ہے جب آپ اسکی مشق کر رہے ہوں. |
| 02:39 | دائیں ہاتھ کی طرف Download کے بٹن پر کلک کریں. |
| 02:43 | Bitnami ویب سائٹ میں اکاؤنٹ بنانے کے لئے ایک پاپ اپ ونڈو کھلتی ہے. |
| 02:50 | اب کے لئے "No thanks" پر کلک کریں. |
| 02:53 | فوری طور پر یہ انسٹالر ڈاؤن لوڈ کرنا شروع کرتا ہے . فائل سیو کرنے کے لئے OK بٹن پر کلک کریں. |
| 03:01 | مندرجہ ذیل انسٹالیشن سٹیپس Windows اور Linux آپریٹنگ سسٹم کے لئے ایک جیسے ہیں |
| 03:07 | اگر آپ کے پاس Bitnami installer فائلیں ہیں، تو ڈاؤن لوڈ کرنے کے بجائے ان کا استعمال کریں. |
| 03:15 | آپ Downloads فولڈر کو کھولیں، جہاں انسٹالر فائل ڈاؤن لوڈ ہوئی ہے. |
| 03:20 | اس installer فائل کو رن کرنے کے لئے، ہمارے پاس admin access ہونا چاہئے. |
| 03:25 | اگر آپ Windows یوزر ہیں تو installer فائل پر رائٹ کلک کریں . اور پھر Run as administrator آپشن منتخب کریں. |
| 03:33 | اگر آپ Linux یوزر ہیں تو، انسٹالر فائل پر رائٹ کلک کریں اور Properties پر کلک کریں. |
| 03:40 | پھر Permissions ٹیب پر کلک کریں .اور Allow executing file as program آپشن کے چیک باکس پر کلک کریں |
| 03:48 | ونڈو کو بند کرنے کے لئے Close بٹن پر کلک کریں. |
| 03:52 | اب، installer فائل پر ڈبل کلک کریں. |
| 03:55 | اب انسٹالیشن یعنی تنصیب شروع ہوگئی ہے۔ Next پر کلک کریں. |

| | |
|---|---|
| 04:01 | یہاں ہم کمپونینٹس کو منتخب کر سکتے ہیں جنہیں ہم انسٹال کرنا چاہتے ہیں. |
| 04:06 | ہر کمپونینٹ پر کلک کریں اور پہلے ان کے بارے میں تفصیلی معلومات پڑھ لیں. |
| 04:12 | میں تمام کمپونینٹس کو ترجیح دے رہا ہوں۔ Next کے بٹن پر کلک کریں. |
| 04:18 | اس ونڈو میں، ہم وہ فولڈر منتخب کر سکتے ہیں جہاں ہم Drupal کو انسٹال کرنا چاہتے ہیں. |
| 04:24 | میں Home فولڈر چنوں گا |
| 04:27 | Windows میں، یہ ڈیفالٹ طور پر C colon یا مین ڈرائیو میں انسٹال ہوگا |
| 04:34 | Next پر کلک کریں. |
| 04:36 | اب ہم کو Drupal admin account بنانا ہوگا. |
| 04:40 | میں اپنا اصل نام Priya ٹائپ کروں گا . یہ نام اپلی کیشن میں ظاہر ہوگا. |
| 04:47 | آپ یہاں اپنا نام ٹائپ کریں. |
| 04:50 | Email Address میں، میں priyaspoken@gmail.com ٹائپ کروں گا. |
| 04:56 | براہ مہربانی اپنا درست ای میل ایڈریس ٹائپ کریں. |
| 05:00 | اب، ہمیں ایڈمنسٹریٹر کے لئے اپنا username اور password دینا ہوگا. |
| 05:07 | Login یوزر نیم میں، میں admin ٹائپ کروں گا. |
| 05:11 | Password میں، میں پاس ورڈ ٹائپ کروں گا . تصدیق کے لئے پاس ورڈ کو دوبارہ ٹائپ کریں. |
| 05:17 | آپ اپنے مطابق کوئی بھی لاگ ان نیم یا پاس ورڈ ٹائپ کر سکتے ہیں. |
| 05:22 | Next پر کلک کریں. |
| 05:24 | Linux میں، Apache کے لئے ڈفالٹ لسننگ (listning) پورٹ 8080 ہے اور MySQL کے لئے یہ 3306 ہے. |
| 05:34 | Windows میں، یہ 80 اور 3306 ہے. |
| 05:39 | اگر یہ پورٹس پہلے ہی کسی دوسری ایپلکیشن کی طرف سے استعمال شدہ ہیں تو یہ اس کا استعمال کرنے کے لئے دوسرے متبادل پورٹس کا اشارہ دے گا. |
| 05:47 | میں نے پہلے ہی اپنی مشین میں MySQL انسٹال کیا ہے . تو یہ ایک متبادل پورٹ کے لئے پوچھے گا |
| 05:54 | میں 3307 دوں گا. |

| | |
|---|---|
| 05:57 | Nextپر کلک کریں. |
| 05:59 | اب ہم کو اپنی Drupal سائٹ کے لئے نام دینا ہے . میں Drupal 8 نام ٹائپ کروں گا. |
| 06:06 | آپ اپنے مطابق کوئی بھی نام دے سکتے ہیں. |
| 06:10 | ' Nextکے بٹن پر کلک کریں. |
| 06:12 | یہاں، یہ ہمیں Bitnami Cloud Hosting کے لئے پوچھتا ہے .اب کے لئے، مجھے یہ نہیں چاہیے. |
| 06:19 | لہذا، اس کو غیر منتخب کرنے کے لئے، چیک باکس پر کلک کریں. |
| 06:23 | پھر Next کے بٹن پر کلک کریں. |
| 06:26 | Drupal اب انسٹالیشن کے لئے تیار ہے۔ Next کے بٹن پر کلک کریں. |
| 06:31 | تنصیب مکمل ہونے میں یہ کچھ وقت لے گا. |
| 06:36 | ایک بار جب تنصیب ختم ہو جاتی ہے، تو اس بات کو یقینی بنائیں کہ Launch Bitnami Drupal Stack چیکڈ ہے. |
| 06:43 | پھر Finish کے بٹن پر کلک کریں. |
| 06:46 | Bitnami Drupal Stack کنٹرول ونڈو خود بخود کھل جاتی ہے. |
| 06:51 | آگے، دیکھتے ہیں کہ Bitnami Drupal Stack کنٹرول ونڈو تک رسائی کس طرح کرتے ہیں. |
| 06:57 | اگر آپ Linux یوزر ہیں تو ان سٹیپس کی پیروی کریں. |
| 07:01 | File browser پر جائیں |
| 07:04 | پھر بائیں سائڈ بار میں، Places کے نیچے Home پر کلک کریں. |
| 07:09 | اب فہرست میں سے drupal hyphen 8.1.3 hyphen 0 folder پر ڈبل کلک کریں |
| 07:17 | یہاں آپ کو manager hyphen linux hyphen x64.run فائل نظر آئے گی۔ اسے کھولنے کے لئے اس پر ڈبل کلک کریں. |
| 07:27 | اگر آپ Windows یوزر ہیں تو Start Menu -> All Programs -> Bitnami Drupal Stack -> Bitnami Drupal Stack Manager Tool پر جائیں. |
| 07:38 | Bitnami Drupal Stack کنٹرول ونڈو کھلے گی. |
| 07:42 | جب بھی آپ Drupal کھولتے ہیں تو یکھ لیں کہ تمام سرور چل رہے ہوں |

| | |
|---|---|
| 07:47 | تمام فعال Services کو دیکھنے کے لئے Manage Servers پر کلک کریں. |
| 07:53 | یہاں ہم دیکھ سکتے ہیں کہ ابھی MySQL Databaseاور Apache Web Server کام کر رہے ہیں. |
| 07:59 | نوٹ کریں کہ Drupal پر کام کرنے کے لئے،ہمیں database جیسےMySQL، PostgreSQLیا Oracle کی ضرورت ہوتی ہے. |
| 08:08 | اورweb server جیسے ApacheیاNginx |
| 08:13 | ڈیفالٹ طور پر،Bitnami Drupal Stack، MySQL databaseاور Apache web serverکے ساتھ آتا ہے. |
| 08:20 | control windowپر واپس جاتے ہیں. |
| 08:23 | ہم مناسب بٹنس پر کلک کر کے سروسز کوstart، stopاور restart کر سکتے ہیں. |
| 08:30 | اب Welcomeٹیب پر کلک کریں. |
| 08:33 | Drupal کو شروع کرنے کے لئے،دائیں طرف Go to Applicationبٹن پر کلک کریں. |
| 08:39 | براؤزر bitnami پیج کے ساتھ خودکار طور پر کھل جاتا ہے. |
| 08:44 | اب، Access Drupalلنک پر کلک کریں .ہم اپنی Drupalویب سائٹ پر آ گئے ہیں. |
| 08:51 | نوٹ کریں کہ ویب سائٹ کا نام Drupal 8 ہے. |
| 08:55 | ویب سائٹ پر لاگ ان کرنے کے لئے،اوپر دائیں طرف Log inلنک پر کلک کریں. |
| 09:00 | اب اپنا user nameاور passwordٹائپ کریں جسے ہم نے پہلے بنایا تھا. |
| 09:08 | اب، Loginبٹن پر کلک کریں. |
| 09:11 | address barمیں،ہم اپنی ویب سائٹ، ویب ایڈریس پر دیکھ سکتے ہیں: http://localhost:8080/drupal/user/1 |
| 09:24 | اگلے ٹیوٹوریل میں،ہم /user/1 کے بارے میں سیکھیں گے. |
| 09:29 | localhostکے بجائے، یہ آپ کو آپ کی سسٹم کنفگریشن کی بنیاد پر 127.0.0.1 دکھا سکتا ہے. |
| 09:39 | اگلی بار،ہم اس ویب ایڈریس کا استعمال کرتے ہوئے Drupal تک رسائی حاصل کر سکتے ہیں۔ localhost colon 8080 slash drupalیاlocalhost slash drupalاگر port 80، Apache کا listning portہو |

| | |
|---|---|
| 09:54 | اسی کے ساتھ، ہم اس ٹیوٹو رئل کے اختتام پر آ گئے ہیں. |
| 09:57 | مختصر میں، اس ٹیوٹو رئل میں، ہم نے Ubuntu Linux اور Windows آپریٹنگ سسٹم پر Drupal کو انسٹال کرنے کے بارے میں سیکھا. |
| 10:07 | مندرجہ ذیل لنک پر دستیاب ویڈیو اسپوکن ٹیوٹوریل پروجیکٹ کا خلاصہ بیان کرتا ہے۔اسے ڈاؤن لوڈ کریں اور دیکھیں. |
| 10:14 | اسپوکن ٹیوٹوریل ٹیم ورکشاپس منعقد کرتی ہے اور اسناد دیتی ہے . مزید معلومات کے لئے، ہمیں لکھیں. |
| 10:25 | اسپوکن ٹیوٹوریل پروجیکٹ کی مالی معاونت بھارتی حکومت کے NMEICT، انسانی وسائل کی ترقی کی وزارت اور NVLI، وزارتِ ثقافت نے کی ہے. |
| 10:36 | اس سکرپٹ کا ترجمہ اور صدابندی میں نے یعنی وجاحت احمد نے کی ہے، شامل ہونے کیلئے آپکا شکریہ |